Question Paper Serial No. 712

# C

**CCE PR**
**UNREVISED**
**FULL SYLLABUS**
**NSR & NSPR**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]
**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

**(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)**
**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

ದಿನಾಂಕ : 16. 06. 2023] [ Date : 16. 06. 2023
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ 1-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

یہاں سے کاٹئے
TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
اس مقام سے کاٹ کر سوالی پرچہ کھولئے
Tear here

Turn over ]

**I.** درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **10 x 1 = 10**

1. حضورؐ کی تعریف وتوصیف میں لکھی جانے والی نظم کہلاتی ہے۔

(A) نعت (B) حمد

(C) رباعی (D) غزل

2. ''سرعت'' لفظ کے معنی ہیں۔

(A) سرایت کرنا (B) صراحت

(C) جلدی (D) تیرنا

3. وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مِل کر معنی دیتا ہے وہ کہلاتا ہے۔

(A) غیر مستقل کلمہ (B) مہمل کلمہ

(C) مستقل کلمہ (D) مستعمل کلمہ

4. ان میں حروفِ ربط کی مثال ہے۔

(A) نہیں (B) کا

(C) ہاں (D) پھر

5. ''الجبرا مسلمانوں ہی کی ایجاد ہے'' اس جملہ میں حروفِ تخصیص کی نشاندہی کیجئے۔

(A) الجبرا (B) کی

(C) ایجاد (D) ہی

6. مضمون کا درمیانی حصّہ جس میں موضوع کے متعلق تفصیل سے ذکر کیا جاتا ہے اُسے کہتے ہیں۔

(A) تمہید (B) خاتمہ

(C) نفسِ مضمون (D) عمدہ مضمون

7. دفتری امور سے متعلق لکھے جانے والے خطوط کہلاتے ہیں۔

(A) کاروباری خطوط (B) سرکاری خطوط

(C) نجی خطوط (D) ادبی خطوط

8. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔

(A) مطلع (B) حُسن مطلع

(C) مقطع (D) بیت الغزل

9. جملہ کے دو حصّے ہوتے ہیں، وہ کہلاتا ہیں۔

(A) مبتدا خبر (B) مبتدا فعل

(C) ملتف خبر (D) فعلیہ خبریہ

10. ''دو چار ہونا'' محاورہ کا مطلب ہے۔

(A) آگے پیچھے ہونا (B) پیچھے آگے ہونا

(C) سامنا کرنا (D) بے وجہ چار دو ہونا

**II.** پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : **5 x 1 = 5**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 11. | طلوع | : | غروب | : : | قدیم | : ......... |
| 12. | سڑکیں ناپنا | : | بے وجہ سڑکوں پر پھرنا | : : | پارہ چڑھنا | : ......... |
| 13. | عالِم | : | جاننے والا | : : | عالَم | : ......... |
| 14. | حجرہ | : | کمرہ | : : | صاحبزادی | : ......... |
| 15. | وطن | : | مذکر | : : | روشنی | : ......... |

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : **5 x 1 = 5**

16. سدرۃُ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟

17. ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟

18. پروفیسر راہی سے مصنّف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

19. اکبر اِلہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

20. سفلی عناصر کون سے ہیں ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **10 x 2 = 20**

21. حضرتِ عائشہؓ کے حجرے میں کون کون آرام فرما ہیں ؟

22. راموکی کس بات کوسُن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟

23. ''نانوٹکنالوجی'' کسے کہتے ہیں ؟ نانوٹکنالوجی سے کیا مراد ہے ؟

24. ہانگ کانگ ہوائی اڈّے پر جب طیارہ اترتا ہے تو کیسا محسوس ہوتا ہے ؟

25. ریاستِ میسور میں سریم وشوویشوریا نے کون کون سے کارخانے قائم کئے ؟

26. محمد علی جوہؔر کے والدین کا نام کیا تھا ؟

27. صبح سویرے پروفیسر راہؔی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

28. شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟

29. حضورِ اکرم ﷺ جب حرم پاک میں پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟

30. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے :

(i) شکایت

(ii) یادگار

**V.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : **11 x 3 = 33**

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

31. ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔''

32. ''مگران کی اسکوٹر چلتی نہیں بلکہ رینگتی ہے۔''

33. ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھِر جائے گا۔''

34. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) ایم قادر علی خاں (ii) کرشن چندر

35. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) عطا کلیانوؔی (ii) مولانا ابوالبیان حمادؔ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

36. تماشائے دیر وحرم دیکھتے ہیں

تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

37. موت کا ایک دن معین ہے

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

38. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے:

39. ادویات سازی میں ''نانوٹکنالوجی'' کا کیا رول ہے ؟

40. شاعر سید احمد شاکر نظم ''پیغام یکجہتی'' میں گلی کوچوں میں صبح و شام کا کون سا منظر دیکھا ہے ؟

41. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Hameed wake up early in the morning. He is a honest boy and he is also good in studies.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **3 x 4 = 12**

42. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

43. کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

یا

پروفیسر راہیؔ کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔

44. حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

**VII.** درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : **1 x 5 = 5**

45. حضرت محمد رسولِ مقبول ﷺ سے پہلے جتنے رسول آئے ان کی نبوت اپنے زمانے تک محدود رہی، مگر آپؐ کی نبوت قیامت تک کے لئے ہے۔ آپ ﷺ تمام انسانوں کے لئے رسول ﷺ بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ آپ ﷺ کے والد کا نام عبداللہ تھا، اور یہ عبدالمطلب کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ ان کی والدہ کا نام بی بی آمنہ تھا۔ یہ وہب کی بیٹی تھیں۔ آپ ﷺ نبی ہونے سے پہلے ہی غارِ حراء میں دن رات اللہ تعالیٰ کی عبادت اور سوچ میں رہا کرتے تھے۔ ایک دن ایسا ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ایک فرشتہ حضرت جبرائیل اللہ کا پیغام لے کر حضرت محمد ﷺ کے پاس آیا۔ حضرت محمد ﷺ کی ذات بڑی پاکیزہ بڑی مہربان بڑی سخی بڑی مہمان نواز تھی۔ یہاں تک کے آپ ﷺ مسلمان و کافر سب کی مہمان نوازی فرماتے اور سب کی خاطر کرتے اور خود ہی سب کی خدمت کرتے۔ آپ ﷺ یتیموں کے والی غلاموں کے مولیٰ تھے۔

غریبوں کے ساتھ آپ کا برتاؤ ایسا ہوتا کہ اُن کو اپنی غریبی محسوس نہ ہوتی، غرض آپؐ کی زندگی دنیا کے لئے

ایک اعلیٰ نمونہ تھی۔

**سوالات :**

(i) آپ ﷺ کی نبوت کب تک کے لئے ہے ؟

(ii) آپ ﷺ کے والدین کا نام کیا ہے ؟

(iii) حضرت محمد ﷺ کی طرف حضرتِ جبرائیلؑ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا لاتے تھے ؟

(iv) آپ ﷺ غارِ حراء میں کیا کرتے رہتے تھے ؟

(v) آپ ﷺ کی زندگی دُنیا والوں کے لئے کیا ہے ؟

**VIII.** **درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :** **1 x 5 = 5**

46. (i) قومی تہوار

یا

(ii) میری پسندیدہ شخصیت

**IX.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

47. اپنے دوست یا سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں (اسکول ڈے) یا سالانہ جلسے میں شرکت کی دعوت دی گئی ہو۔

یا

کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھئے جس میں مناسب وجہ بتا کر تین دن کی چھٹی مانگی گئی ہو۔